رشید اختر

مسلمان مؤرخین

(سلسلہ کے لیے دیکھیے ثقافت فروری ۱۹۶۳ء)

ابن حجر

احمد بن علی ابن حجر عسقلانی امام الائمہ، فرید الوقت، مفخر الزمان، بقیۃ الحفاظ، علم الائمۃ الاعلام، عمدۃ المحققین، خاتمۃ الحفاظ، المبرزین والقضاۃ المشہورین۔ ابو الفضل شہاب الدین کی ولادت پرانے مصر میں[۱] ۲۲ شعبان ۷۷۳ھ کو ہوئی۔ چار سال کے تھے کہ باپ کا انتقال ہوا۔ پانچ سال کی عمر میں مکتب میں داخل ہوئے۔

حافظہ بے حد قوی تھا، اتنا قوی کہ صرف ایک دن میں سورۂ مریم حفظ کر لی۔ الحاوی الصغیر کو اس طرح حفظ کیا کہ پہلی بار ایک دفعہ اسے صحت سے پڑھا، دوسری بار اسے خود سے دہرایا، تیسری بار اسے زبانی سنا دیا[۲]۔ یہ قوت حافظہ اس دور میں کم ہی لوگوں کے حصہ میں آئی ہوگی۔ السخاوی نے ان کے قرآن حفظ کرنے کی عمر ۹ سال بتائی ہے۔ ابن فہد کا بیان ہے کہ وہ ۷۸۴ھ میں مکہ تشریف لے گئے اور حج کیا۔ اس وقت ان کی عمر ابن فہد کی روایت کے مطابق دس سال کی تھی۔ اسی عمر میں انھوں نے مسجد الحرام میں نماز تراویح پڑھائی۔

السخاوی کی روایت کے مطابق انھوں نے صدر السفطی سے قرآن بھی حفظ کیا تھا، اور العمدۂ الغنیہ ابن العراقی، الحاوی الصغیر، اور مختصر ابن الحاجب الاصلی اور الملحہ بھی اسی عمر میں پڑھیں یا حفظ

---

(۱) السیوطی حسن المحاضرہ ص ۱۵۲، الذیل لحظ الالحاظ ابن فہد ص ۳۲۶، السخاوی جز ۲ ص ۳۶ (۲) الذیل ابن فہد ص ۳۲۶